1. ''زعفران کے پھول'' اور ''میں کون ہوں'' کس ادیب کے افسانوں کے مجموعے ہیں

(A) قرۃ العین حیدر (B) عصمت چغتائی (C) کرشن چندر (D) خواجہ احمد عباس

2. ''ہتک'' کس کا مشہور افسانہ ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) بیدی (C) پریم چند (D) قرۃ العین حیدر

3. ان میں راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ کونسا ہے؟

(A) ننھی کی نانی (B) شاداں (C) لاجونتی (D) سوتیلی ماں

4. ان میں کونسا افسانوی مجموعہ قرۃ العین حیدر کا نہیں ہے؟

(A) ستاروں سے آگے (B) روشنی کی رفتار (C) پت جھڑ کی آواز (D) دانہ ودام

5. کرشن چندر کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(A) گدھے کی سرگزشت (B) شکست (C) الٹا درخت (D) آسمان روشن ہے

6. کس شاعر کا تعلق دبستان لکھنو سے نہیں ہے؟

(A) ناسخ (B) مصحفی (C) ذوق (D) آتش

7. ''فسانہ عجائب'' کا زمانہ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1820ء (B) 1822ء (C) 1824ء (D) 1826ء

8. مرزا رجب علی بیگ سرور کی کس کتاب پر مرزا غالب نے تقریظ لکھی؟

(A) شبستان سرور (B) انشائے سرور (C) فسانہ عجائب (D) گلزار سرور

9. مولوی عبدالحق کی تصنیف ''چند ہم عصر'' میں جملہ کتنے خاکے ہیں؟

(A) نو (B) گیارہ (C) تیرہ (D) چودہ

10. مصرعے ملائیے اور شعر مکمل کیجیے۔

(1) مت غصے کے شعلے سوں جلتے کوں جلاتی جا — (الف) یہ روشنی افزا ہے انکھیاں کو لگاتی جا

(2) تجھ چال کی قیمت سوں دل نئیں ہے مرا واقف — (ب) ٹک پاؤں کے جھانجھ کی جھنکار سناتی جا

(3) اس رات اندھاری میں مت بھول پڑوں تجھ سوں — (ج) ٹک مہر کے پانی سوں توں آگ بجھاتی جا

(4) تجھ عشق میں جل جل کر سب تن کوں کیا کا جل — (د) اے مان بھری چنچل ٹک بھاؤ بتاتی جا

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | د | ب | الف |
| (B) | د | الف | ج | ب |
| (C) | ب | ج | د | الف |
| (D) | ج | الف | د | ب |

11. بلا قافیہ نظم کے لیے مخصوص ہے؟

(A) نثری نظم (B) آزاد نظم (C) ترکیب بند (D) نظم معری

12. ذیل میں افسانہ نگاروں اور ان کے افسانوں کے نام درج ہیں۔ صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) پریم چند — (الف) زندگی کے موڑ پر

(2) بیدی — (ب) نجات

(3) منٹو — (ج) تلادان

(4) کرشن چندر — (د) سڑک کے کنارے

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | الف | ج | د |
| (B) | ج | د | الف | ب |
| (C) | ب | ج | د | الف |
| (D) | د | الف | ب | ج |

13. ''ستارہ'' اور ''زعفران'' کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(A) سفید خون (B) انارکلی (C) خوب صورت بلا (D) خانہ جنگی

14. ڈراما ''کھیتی'' کا مصنف کون ہے؟

(A) آغا حشر کاشمیری (B) امتیاز علی تاج (C) عابد حسین (D) محمد مجیب

15. علامہ اقبال کا کون سا شعری مجموعہ آدھا اردو میں اور آدھا فارسی میں ہے؟

(A) ضرب کلیم (B) ارمغان حجاز (C) بانگ درا (D) بال جبریل

16. ''نشاط روح'' اور ''سرود زندگی'' کس کے شعری مجموعے ہیں؟

(A) اصغر گونڈوی (B) فانی بدایونی (C) جگر مرادآبادی (D) حسرت موہانی

17. کلیم الدین احمد کی تصانیف کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) اردو شاعری پر ایک نظر، سخن ہائے گفتنی، اردو تنقید پر ایک نظر

(B) سخن ہائے گفتنی، تنقید کیا ہے، تنقیدی نظریات

(C) نئے اور پرانے چراغ، اردو شاعری پر ایک نظر، تنقیدی جائزے

(D) تنقید اور عملی تنقید، تحقیق و تنقید، تنقیدی اشارے

18. اس مصرعے کی نشان دہی کیجیے جس میں ناسخ نے میر تقی میر کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے؟

(A) نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب

(B) آپ بے بہرہ ہیں جو معتقد میر نہیں

(C) معتقد کون نہیں میر کی استادی کا

(D) میر کا شیوہ گفتار کہاں سے لاؤں

19. زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) رومانی تحریک، علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت

(B) علی گڑھ تحریک، ترقی پسند تحریک، رومانی تحریک، جدیدیت

(C) علی گڑھ تحریک، رومانی تحریک، ترقی پسند تحریک، جدیدیت

(D) رومانی تحریک، علی گڑھ تحریک، جدیدیت، ترقی پسند تحریک

20. نذیر احمد کے ناولوں کی زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) مراۃ العروس، بنات النعش، توبۃ النصوح، ابن الوقت

(B) مراۃ العروس، توبۃ النصوح، بنات النعش، ابن الوقت

(C) توبۃ النصوح، مراۃ العروس، ابن الوقت، بنات النعش

(D) مراۃ العروس، ابن الوقت، بنات النعش، توبۃ النصوح

21. قصیدے کے اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) تشبیب، مدح، گریز، دعا

(B) دعا، مدح، تشبیب، گریز

(C) دعا، مدح، تشبیب، گریر

(D) تشبیب، گریز، مدح، دعا

22. ذیل میں نقادوں اوران کی کتابوں کے نام درج ہیں صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

| | |
|---|---|
| (1) شبلی | (الف) روایت اور بغاوت |
| (2) کلیم الدین احمد | (ب) تنقید کیا ہے |
| (3) احتشام حسین | (ج) موازنہ انیس ودبیر |
| (4) آل احمد سرور | (د) فن داستان گوئی |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | د | الف | ب |
| (B) | ب | الف | د | ج |
| (C) | د | ج | ب | الف |
| (D) | ج | الف | د | ب |

23. ذیل میں کونسا جوڑ درست ہے؟

(A) پروفیسر محمد حسن......ڈراما نگاری (B) ذوق......مرثیہ نگاری

(C) مرزا دبیر......قصیدہ نگاری (D) مسعود حسین خاں......تنقید نگاری

24. غلط بیان کی نشان دہی کیجیے۔

(A) فانی بدایونی کا ابتدائی تخلص شوکت تھا

(B) نکات الشعراء کے مصنف میر تقی میر ہیں۔

(C) یادوں کی بارات، جوش ملیح آبادی کی خودنوشت سوانح عمری ہے

(D) فورٹ ولیم کالج 1860ء میں بند کردیا گیا۔

25. ''ہائیکو'' کا تعلق کس زبان کے ادب سے ہے؟

(A) انگریزی (B) روسی (C) جاپانی (D) ترکی

26. مصرعے ملائیے اور شعر مکمل کیجیے۔

(1) کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو (الف) کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غم گسار ہوتا

(2) یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح (ب) نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

(3) کہوں کس سے میں کہ کیا ہے، شبِ غم بری بلا ہے (ج) یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا

(4) ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا (د) مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | الف | ج | د |
| (B) | د | ج | الف | ب |
| (C) | ج | الف | د | ب |
| (D) | ب | د | الف | ج |

27. ''ماہیا'' اردو میں کس زبان سے آیا؟

(A) بنگالی (B) پنجابی (C) ہندی (D) تلگو

28. ''فراز'' کے معنی کیا ہیں؟

(A) گہرائی (B) بلندی (C) غرور (D) فرار

29. ''رئیس المتغزلین'' کا خطاب کسے دیا گیا تھا؟

(A) حسرت (B) جگر (C) فانی (D) انیس

30. مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' کا مصنف کون ہے؟

(A) کنھیالال کپور (B) مشتاق احمد یوسفی (C) پطرس بخاری (D) محمد حسین آزاد

31. زنار گلے میں کہ بغل بیچ ہو قرآن
عاشق تو قلندر ہے نہ ہندو نہ مسلمان
یہ شعر کس کا ہے؟

(A) علامہ اقبال (B) مرزا غالب (C) جوش ملیح آبادی (D) نظیر اکبرآبادی

32. کس زمرے کا تعلق انشائیے سے ہے؟

(A) ایک چادر میلی سی، اداس نسلیں، کالی شلوار، بھولا
(B) نرملا، دو بیل، صرف ایک سگریٹ، گرہن
(C) میدان عمل، پی کہاں، شریف زادہ، شکست
(D) کتے، ارہر کا کھیت، چارپائی، لاہور کا جغرافیہ

33. سرسید نے کونسی سوانحی کتاب لکھی؟

(A) اسباب بغاوت ہند (B) حیات سعدی (C) مہر نیم روز (D) سیرت فریدیہ

34. دوستو! غور سے سنو......اس جملے میں "دوستو" کس حالت میں ہے؟

(A) طوری (B) ندائی (C) فاعلی (D) مفعولی

35. درج ذیل شعر مخدوم محی الدین کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

رات بھر دیدۂ نمناک میں لہراتے رہے سانس کی طرح سے آپ آتے رہے جاتے رہے

(A) انتظار (B) سجدہ (C) طور (D) محبت کی چھاؤں

36. ان میں کونسی کتاب رشید احمد صدیقی کی نہیں ہے؟

(A) شیخ نیازی (B) دلی کا ایک یادگار مشاعرہ (C) ہم نفسانِ رفتہ (D) آشفتہ بیانی میری

37. "بانگ درا" کی آخری نظم کونسی ہے؟

(A) طلوع اسلام (B) خضرراہ (C) خطاب بہ نوجوانان اسلام (D) سید کی لوح تربت

38. مصرعے ملایئے اور شعر مکمل کیجیے۔

(1) تم آئے ہو، نہ شب انتظار گزری ہے (الف) وہ شب ضرور سر کوئے یار گزری ہے

(2) ہوئی ہے حضرت ناصح سے گفتگو جس شب (ب) وہ بات ان کو بہت نا گوار گزری ہے

(3) وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا (ج) عجب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے

(4) نہ گل کھلے ہیں، نہ ان سے ملے، نہ مے پی ہے (د) تلاش میں ہے سحر، بار بار گزری ہے

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | ج | د | الف |
| (B) | د | ب | الف | ج |
| (C) | ج | د | الف | ب |
| (D) | د | الف | ب | ج |

39. دکنی کے کس شاعر کا کلام ریختہ کے بجائے ریختی میں ملتا ہے؟

(A) ملا نصرتی (B) ہاشمی بیجاپوری (C) وجدی (D) غواصی

40. افسانہ ''پورے چاند کی رات'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو (B) بیدی (C) پریم چند (D) کرشن چندر

41. حروف کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

42. درست بیان کی نشان دہی کیجیے۔

(A) اردو کی پہلی داستان باغ و بہار ہے۔ (B) مولانا حالی اردو کے پہلے سوانح نگار ہیں۔

(C) راجندر سنگھ بیدی نے کل چار ناول لکھے۔ (D) باغ و بہار طبع زاد داستان ہے۔

43. کن اخبارات سے متاثر ہو کر سرسید نے ''تہذیب الاخلاق'' نکالا؟

(A) ینگ انڈیا (B) ٹائمز آف انڈیا (C) اسپیکٹیٹر ٹیٹلر (D) دکن کرانیکل

44. ان میں کونسی تصنیف رجب علی بیگ سرور کی نہیں ہے؟

(A) سرور سلطانی (B) شگوفۂ محبت (C) فسانۂ عجائب (D) مذہب عشق

45. نظم ''جامن والیاں'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) مجاز (B) نظیر اکبرآبادی (C) جوش ملیح آبادی (D) ساحر لدھیانوی

46. درج ذیل میں سے کونسا مجموعہ جوش ملیح آبادی کا ہے؟

(A) کلیم (B) حروف و حکایت (C) شعر انقلاب (D) سریلی بانسری

47. صدق خلیل بھی ہے عشق، صبر حسین بھی ہے عشق ...... معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

یہ شعر اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) ذوق و شوق (B) طلوع اسلام (C) مسجد قرطبہ (D) خضر راہ

48. شمس الرحمن فاروقی کس رجحان/تحریک کے نمائندہ نقاد ہیں؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) علی گڑھ تحریک (C) جدیدیت (D) حلقہ ارباب ذوق

49. "لشکر" اسم عام کی کونسی قسم ہے؟

(A) اسم آلہ (B) اسم کیفیت (C) اسم جمع (D) ان میں سے کوئی نہیں

50. ملا وجہی نے مثنوی "قطب مشتری" کتنے دن میں مکمل کی؟

(A) بارہ (B) بیس (C) چالیس (D) ساٹھ

51. انشائیہ "گلاب تمہارا کیکر ہمارا" کا مصنف کون ہے؟

(A) کنہیالال کپور (B) پطرس بخاری

(C) مشتاق احمد یوسفی (D) حسن نظامی

52. ان میں کونسا تنقیدی مضامین کا مجموعہ آل احمد سرور کا نہیں ہے؟

(A) تنقیدی اشارے (B) نظر اور نظریے (C) تنقیدی جائزے (D) ادب اور نظریہ

53. مصرعے ملائیے اور شعر مکمل کیجیے۔

(1) کیا وفادار ہیں کے ملنے میں — (الف) صبح عاشق کوں شام کرتے ہیں

(2) کھولتے ہیں جب اپنی زلفاں کوں — (ب) جس سوں خوباں کلام کرتے ہیں

(3) صاحبِ لفظ اس کو کہہ سکتے — (ج) سرو قد جب خرام کرتے ہیں

(4) دل لجاتے ہیں اے ولی میرا — (د) دل سوں سب رام رام کرتے ہیں

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | الف | د | ب |
| (B) | د | ج | ب | الف |
| (C) | ب | د | الف | ج |
| (D) | د | الف | ب | ج |

54. مضمون ''مرید پورا کا پیر'' اور ''سینما کا عشق'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) پطرس بخاری (B) خواجہ حسن نظامی (C) مشتاق احمد یوسفی (D) کنہیالال کپور

55. آزاد بخت کس ملک کا بادشاہ تھا؟

(A) ملک شام (B) ملک روم (C) ملک ایران (D) ملک چین

56. ڈراما کا سب سے اہم جزو کونسا ہے؟

(A) کردار نگاری (B) مکالمہ نگاری (C) عمل (D) پلاٹ

57. کس صحافی نے ماہ نامہ ''معارف'' کے ذریعہ علمی و ادبی ذوق کو عام کیا۔

(A) سلیمان ندوی (B) محمد علی جوہر (C) سرسید (D) مولانا ابوالکلام آزاد

58. علی گڑھ تحریک کے بانی کون ہیں؟

(A) حالی (B) شبلی (C) سرسید (D) محمد حسین آزاد

59. ان میں کس تحریک کا منشور/مینی فیسٹو باضابطہ طور پر قلم بند کیا گیا تھا؟

(A) علی گڑھ (B) ترقی پسند (C) حلقہ ارباب ذوق (D) جدیدیت

60. ''افکار و مسائل'' اور ''عکس اور آئینے'' کے مصنف کون ہیں

(A) کلیم الدین احمد (B) آل احمد سرور (C) شمس الرحمن فاروقی (D) احتشام حسین

61. ''عملی تنقید'' اور ''سخنہائے گفتنی'' کس کی کتابیں ہیں؟

(A) کلیم الدین احمد (B) احتشام حسین (C) آل احمد سرور (D) شبلی نعمانی

62. ذیل میں کونسا جوڑ درست نہیں ہے؟

(A) نصرتی......تذکرہ نگار (B) شبلی......نقاد (C) ولی......شاعر (D) محمد علی جوہر......صحافی

63. ان میں جگت موہن لال رواں کا شعری مجموعہ کونسا ہے؟

(A) روحِ رواں (B) بہارستان (C) روپ (D) نشاطِ روح

64. مندرجہ ذیل مصرعوں کے صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(1) انوکھی وضع ہے سارے زمانے سے نرالے ہیں (الف) نشیمن سیکڑوں میں نے بنا کر پھونک ڈالے ہیں

(2) رلاتی ہے مجھے راتوں کو خاموشی ستاروں کی (ب) مرے ٹوٹے ہوئے دل کے یہ دردانگیز نالے ہیں

(3) نہ پوچھو مجھ سے لذت خانماں برباد رہنے کی (ج) یہ عاشق کون سی بستی کے یارب رہنے والے ہیں

(4) مرے اشعار اے اقبال کیوں پیارے نہ ہوں مجھ کو (د) نرالا عشق ہے میرا، نرالے میرے نالے ہیں

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | ج | د | الف |
| (B) | د | ج | ب | الف |
| (C) | ج | د | الف | ب |
| (D) | ب | الف | د | ج |

65. فورٹ ولیم کالج کی سب سے مشہور داستان کونسی ہے؟

(A) آرائش محفل (B) چار گلشن (C) سنگھاسن بتیسی (D) باغ و بہار

66. ان میں میر بہادر علی حسینی کی کتاب کونسی ہے؟

(A) لیلی مجنوں (B) اخلاق ہندی (C) گنج خوبی (D) گلشن نو بہار

67. ذیل میں کونسے ناول قرۃ العین حیدر کے ہیں؟

(الف) گریز، ایسی بلندی ایسی پستی (ب) گردش رنگ چمن، چاندنی بیگم

(ج) سودائی، معصومہ (د) سفینۂ غم دل، آخر شب کے ہم سفر

(A) الف، ج (B) ب، د (C) د، الف (D) ج، ب

68. غواصی نے کل کتنی مثنویاں لکھیں

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

69. ذیل میں اردو زبان کے آغاز سے متعلق علما کے نام اور ان کے نظریات درج ہیں۔ صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(1) محمد شیرانی — (الف) سندھ

(2) سلیمان ندوی — (ب) دہلی اور نواحِ دہلی

(3) نصیر الدین ہاشمی — (ج) پنجاب

(4) مسعود حسین خان — (د) دکن

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ب | الف | ج |
| (B) | ج | الف | د | ب |
| (C) | ب | ج | الف | د |
| (D) | ج | الف | ب | د |

70. ''الہلال'' کا سنہ اجراء کیا ہے؟

(A) 1910ء (B) 1911ء (C) 1912ء (D) 1914ء

71. ''باغ و بہار'' میں کتنے افراد کا قصہ بنیادی طور پر بیان ہوا ہے؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھے (D) سات

72. گلزارنسیم کے برخلاف سحرالبیان میں کون سا وصف زیادہ ہے؟

(A) ترصیع کاری (B) سجع کاری (C) ضائع بدائع کا استعمال (D) جزئیات نگاری

73. جدید غزل کے عناصر اربعہ کے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

(A) جگر، فانی، حسرت، اصغر (B) اصغر، جگر، یگانہ، حسرت

(C) جگر، حسرت، فراق، ساغر نظامی (D) فانی، حسرت، جگر، اقبال

74. ذیل میں ایک دعوی اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انہیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

دعوی: نظیر اکبرآبادی کی شاعری کی جڑیں عوامی زندگی میں پیوست ہیں

دلیل: کیوں کہ انہوں نے اپنی شاعری میں ہندوستانی معاشرت اور تہذیب کے عناصر کو موضوع بنایا ہے۔

(A) دعوی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(B) دعوی غلط ہے اور دلیل صحیح ہے
(C) دعوی صحیح ہے اور دلیل غلط ہے
(D) دعوی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

75. ''پورن اور آشا'' کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) گریز (B) ضدی (C) ٹیڑھی لکیر (D) جب کھیت جاگے

76. تحریک آزادی میں کس اردو ادیب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا؟

(A) محمد حسین آزاد (B) مولانا ابوالکلام آزاد (C) سید سلیمان ندوی (D) کرشن چندر

77. پریم چند کے افسانوں کے مجموعے ''واردات'' میں کل کتنے افسانے ہیں

(A) گیارہ (B) تیرہ (C) پندرہ (D) نو

78. ذیل میں شعراء کے نام اور ان کے مجموعے کلام کے نام درج ہیں۔ صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) ساحر لدھیانوی — (الف) سروادی سینا
(2) سردار جعفری — (ب) سیف و سبو
(3) فیض احمد فیض — (ج) تلخیاں
(4) جوش ملیح آبادی — (د) نئی دنیا کو سلام

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | الف | د | ج |
| (B) | ج | د | الف | ب |
| (C) | د | ب | الف | ج |
| (D) | ج | الف | د | ب |

79. کونسا بیان درست ہے؟

(A) اردو کی پہلی مثنوی ''قطب مشتری'' ہے۔

(B) دکنی اردو کی پہلی نثری کتاب ''کربل کتھا'' ہے۔

(C) ''امراؤ جان ادا'' اردو کا پہلا ناول ہے۔

(D) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر محمد قلی قطب شاہ ہے۔

80. یہ گنبد مینائی، یہ عالم تنہائی

مصرعے ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

(A) منزل ہے کہاں تیری اے لالۂ صحرائی

(B) مجھ کو تو ڈراتی ہے اس دشت کی پہنائی

(C) اک جذبۂ پیدائی، اک لذت یکتائی

(D) سورج بھی تماشائی، تارے بھی تماشائی

81. نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر

نغمہ ہے سودائے خام، خونِ جگر کے بغیر

یہ شعر علامہ اقبال کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) مسجد قرطبہ (B) ذوق وشوق (C) شکوہ (D) ساقی نامہ

82. ''یادگار غالب'' کا ادب کی کس صنف سے تعلق ہے

(A) سوانح (B) تذکرہ (C) تاریخ (D) تنقید

83. ذیل میں ایک دعوی اور ایک دلیل دی گئی ہے۔انہیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

دعوی: غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔

دلیل: کیوں کہ غزل اردو شاعری کی سب سے زیادہ مقبول صنف ہے۔

(A) دعوی صحیح ہے، دلیل بھی صحیح ہے

(B) دعوی صحیح ہے، دلیل غلط ہے

(C) دعوی غلط ہے، دلیل بھی غلط ہے

(D) دلیل صحیح ہے، دعوی غلط ہے

84. غلط جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مختصر افسانہ......زندگی کا کوئی ایک پہلو (B) ناول......پوری زندگی

(C) ڈراما...... تصادم (D) انشائیہ......وحدتِ تاثر

85. درست جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) ن۔م۔راشد......نئی دنیا کو سلام (B) اختر الایمان......تبدیلی

(C) میراجی......خودکشی (D) علی سردار جعفری......لب جوئے باز

86. مغربی ہندی کی بولیوں میں ''ا'' کی شکل رکھنے والی بولیاں کونسی ہیں؟

(A) ہریانی اور کھڑی (B) بندیلی اور ہریانی

(C) برج بھاشا اور بندیلی (D) ہریانی اور قنوجی

87. ذیل میں ایک دعوی اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعوی: حلقہ ارباب ذوق نے اردو شاعری کو ایک نئے ذائقہ سے آشنا کیا۔

دلیل: میراجی نے غزل کو فروغ دینے کی سعی کی۔

(A) دعوی صحیح ہے اور دلیل غلط ہے (B) دعوی غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(C) دعوی بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح (D) دعوی بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط

88. ان میں سے کس بولی کا تعلق مشرقی ہندی سے ہے؟

(A) بندیلی (B) لہندا (C) میتھلی (D) اودھی

89. سعادت حسن منٹو کے کس افسانے کو ایک نئے تجربے سے موسوم کیا گیا؟

(A) موذیل (B) ہتک (C) پھندنے (D) بو

90. کون سا کردار ڈراما ''انارکلی'' کا نہیں ہے؟

(A) سلیم (B) انارکلی (C) فیضو (D) بختیار

91. مصرعے ملائیے اور شعر مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| (1) پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا | (الف) کیوں ترا راہ گزر یاد آیا |
| (2) دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز | (ب) دل، جگر تشنۂ فریاد آیا |
| (3) زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی | (ج) دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا |
| (4) کوئی ویرانی سی ویرانی ہے | (د) پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ب | الف | ج |
| (B) | ب | د | الف | ج |
| (C) | ج | الف | د | ب |
| (D) | د | ج | ب | الف |

92. جاوید بازار گیا۔ اس جملے میں "بازار گیا" کیا ہے۔

(A) فاعل (B) مفعول (C) مبتدا (D) خبر

93. "خستہ" کس شاعر کا ابتدائی تخلص تھا؟

(A) شبلی (B) حالی (C) جگر (D) جوش

94. ذیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی ہے انہیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

دعویٰ: اردو ایک شیریں زبان ہے۔

دلیل: کیوں کہ یہ ہندوستان کی 24 زبانوں میں سے ایک ہے

(A) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے (B) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے (D) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

95. ان میں سے کس بولی کا تعلق مغربی ہندی سے نہیں ہے؟

(A) قنوجی (B) ہریانی (C) پنجابی (D) بندیلی

.96 سرسید نے کس اخبار سے اپنی صحافت کا آغاز کیا؟

(A) زمیندار (B) اودھ پنچ (C) سیدالاخبار (D) تہذیب الاخلاق

.97 مجاز کے شعری مجموعوں کے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

(A) آہنگ، شبستان، مشعل (B) شب تاب، آہنگ، شعلہ وشبنم

(C) حرف وحکایت، سازِ نو، عرش وفرش (D) سازِ نو، شب تاب، آہنگ

.98 ذیل میں ایک دعوی اور ایک دلیل دی گئی ہے۔ انہیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

دعوی: ''امراؤ جان ادا'' مرزا ہادی رسوا کا شاہکار ناول ہے۔

دلیل: کیوں کہ اس میں ایک طوائف کو مرکزی کردار بنایا گیا ہے۔

(A) دعوی صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے (B) دعوی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(C) دعوی صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے (D) دعوی غلط ہے، دلیل صحیح ہے

.99 منوہر اور مدھ مالتی'' کی داستان عشق کس مثنوی میں بیان کی گئی ہے؟

(A) طوطی نامہ (B) گلشن عشق (C) پھولبن (D) خوب ترنگ

.100 ''رامائن کا ایک سین'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(A) فراق گورکھپوری (B) جوش ملیح آبادی (C) پنڈت دیاشنکر نسیم (D) چکبست

.101 رونے سے اور عشق میں بیباک ہوگئے

دھوئے گئے ہم ایسے کہ بس پاک ہوگئے

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) علامہ اقبال (D) حسرت موہانی

.102 نظم ''آزادی نسواں'' علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(A) ضرب کلیم (B) ارمغان حجاز (C) بال جبریل (D) بانگِ درا

103. مصرعے ملایئے اور شعر مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| (1) اب وہی حرفِ جنوں سب کی زباں ٹھری | (الف) فیض گلشن میں وہی طرز بیاں ٹھری ہے |
| (2) دستِ صیاد بھی عاجز ہے کفِ گلچیں بھی | (ب) جو بھی چل نکلی ہے وہ بات کہاں ٹھری ہے |
| (3) آتے آتے یونہی دم بھر کو رکی ہوگی بہار | (ج) بوئے گل ٹھری نہ بلبل کی زبان ٹھری ہے |
| (4) ہم نے جو طرزِ فغاں کی ہے قفس میں ایجاد | (د) جاتے جاتے یونہی پل بھر کو خزاں ٹھری ہے |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | ج | د | الف |
| (B) | ج | الف | د | ب |
| (C) | د | ج | ب | الف |
| (D) | ب | الف | د | ج |

104. کس ادیب نے اپنی زبان کو ''زبانِ ہندوستان'' کہا تھا؟

(A) ملا نصرتی (B) سراج اورنگ آبادی (C) ملا وجہی (D) غواصی

105. مرزا ہادی رسوا نے جملہ کتنے ناول لکھے؟

(A) چار (B) پانچ (C) چھے (D) سات

106. ذیل میں دو جملے دیئے گئے ہیں۔ ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہ کا نام دیا گیا ہے

بیان: علی گڑھ تحریک کے دوران تنقید کو بھی بے مثال ترقی ہوئی

توجیہ: علی گڑھ تحریک کے دوران اردو میں حالی، شبلی اور محمد حسین آزاد جیسے نقاد ابھرے

ان جملوں کے سیاق میں ذیل کا کونسا جواب صحیح ہے؟

(A) بیان غلط ہے، توجیہ صحیح ہے (B) بیان صحیح ہے، توجیہ غلط ہے

(C) بیان اور توجیہ دونوں صحیح ہیں (D) بیان اور توجیہ دونوں غلط ہیں

107. حالی نے شاعر کے لیے کن شرائط کو ضروری قرار دیا ہے؟

(A) جوش، مطالعہ کائنات، تخیل

(B) تخیل، سادگی جوش

(C) سادگی، تخیل، تفحص الفاظ

(D) تخیل، مطالعہ کائنات، تفحص الفاظ

108. مشرقی ہندی کی خاص بولیاں کتنی ہیں؟

(A) تین
(B) چار
(C) پانچ
(D) چھے

109. نظم معریٰ اردو میں کس زبان سے آئی؟

(A) اطالوی
(B) جاپانی
(C) روسی
(D) انگریزی

110. ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعویٰ: تجریدی اور علامتی افسانے میں کوئی فرق نہیں ہے

دلیل: دونوں میں کہانی نہیں ہوتی

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے
(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(C) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے
(D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

.111 ہم معنی الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟

(A) مترادف
(B) متبادل
(C) رعایت لفظی
(D) مناسبت لفظی

.112 ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعویٰ: اردو کھڑی بولی سے نکلی ہے۔
دلیل: اردو کسی بھی عہد میں ''اُ'' صوت والی بولی نہیں رہی

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے
(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(C) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(D) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

.113 ''حقیقت'' کی جمع کیا ہے؟

(A) حقوق
(B) حقائق
(C) حقیقی
(D) حقیقتاً

114. وہ لوگ جو کل آئے تھے آج چلے گئے۔ اس جملے میں ''جو'' ضمیر کی کونسی قسم ہے۔

(A) ضمیر اشارہ
(B) ضمیر شخصی
(C) ضمیر موصولہ
(D) ضمیر استفہام

115. کس شاعر نے حالتِ جنون میں صحرا نوردی اختیار کی تھی؟

(A) مظہر جان جاناں
(B) سراج اورنگ آبادی
(C) ولی
(D) شاہ حاتم

116. سر سید نے اپنی تصنیف ''آثار الصنادید'' کس سنہ میں تحریر کی تھی؟

(A) 1847ء
(B) 1848ء
(C) 1830ء
(D) 1842ء

117. سویرے جب اس۔۔۔۔۔۔ آنکھ کھلی تو دیکھا چاروں طرف دھوپ پھیل گئی تھی

(A) کو
(B) کے
(C) کی
(D) کا

118. کس مثنوی کو دکنی کا "شاہ نامہ" کہا گیا ہے

(A) خاورنامہ
(B) ابراہیم نامہ
(C) خوش نامہ
(D) علی نامہ

119. "فجر ہوتے جو گئی آج مری آنکھ جھپک"
یہ کس کا قصیدہ ہے؟

(A) ذوق
(B) سودا
(C) غالب
(D) محسن

120. ذیل میں ایک دعوی اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

دعوی: اقبال کے ابتدائی کلام میں حب الوطنی کے عناصر ملتے ہیں۔
دلیل: ضرب کلیم کی نظمیں اس کی بہترین مثال ہیں

(A) دعوی صحیح ہے، دلیل غلط ہے
(B) دعوی غلط ہے، دلیل صحیح ہے
(C) دعوی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے
(D) دعوی بھی صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے